سوال

(847) ہم اپنی چھوٹی ہمشیرہ کو قرآن حفظ کروانا چاہتے ہیں   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہم اپنی چھوٹی ہمشیرہ کو قرآن حفظ کروانا چاہتے ہیں، مجھے احباب نے بہت سے مدرسے بتائے ہیں لیکن مجھے اُن کا ماحول ناگوار لگا ہے۔ براہِ کرم آپ اپنی عمدہ آراء سے مستفید فرمائیں۔ گوجرنوالہ میں کوئی ایسا مدرسہ لڑکیوں کا بتائیں جہاں عمدہ تعلیم کے ساتھ ساتھ پردہ اور دوسرے اندرونی حالات بالکل ٹھیک ہوں۔ تاکہ ہماری بہن صحیح معنوں میں علم دین حاصل کرسکے۔ ہم شیخوپورہ کے رہائشی ہیں مگر مجھے کوئی بھی مدرسہ یہاں ٹھیک نظر نہیں آتا۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ نے اپنی ہمشیرہ کی تعلیم کے سلسلہ میں مشورہ طلب فرمایا ہے تو میرا مشورہ یہ ہے کہ آپ اسے اپنے گھر میں ہی تعلیم دلوائیں اور اُستاذ کسی عورت یا کسی محرم کو متعین فرمائیں اسی میں بہتری ہے۔ فیما أعلم واللہ أعلم

۲۲،۷،۱۴۲۱ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02ص803

محدث فتویٰ